# 25-08-2026 TUESDAY URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

......گورنر شیو پرتاپ شکلا نے ضلع نظام آباد میں قومی ہلدی بورڈ کے مرکزی دفتر میں ہلدی کے کسانوں کے ساتھ دو بہ دو بات چیت کی۔اور ''سنہری مٹی ابھیان۔ مارکٹنگ سے مربوط پروگراام کا افتتاح کیا۔

......موسی پراجکٹ کے لئے حصول اراضی کا عمل تیزی سے مکمل کرنے چیف منسٹر کی عہدیداروں کو ہدایت۔موسی پراجکٹ پر ریونت ریڈی کا جائزہ اجلاس۔

......ریاستی وزیر کونڈا اسریکھا۔منصوبہ بندی کمیشن کے نائب صدر چنا ریڈی سے متعلق تحقیقات کرنے والی تادیبی کمیٹی نے آج پی سی سی کے صدر مہیش کمار گوڑ کو رپورٹ پیش کردی۔

اور

......محکمہ موسمیات نے ریاست میں اگلے 7 دنوں تک اوسط تا موسلادھار بارش کی پیش قیاسی کی۔

GOVERNOR

ریاستی گورنر شیو پرتاپ شکلا نے کہا ہے کہ کسانوں کی فلاح و بہبود ہی ریاست اور ملک کی فلاح و بہبود ہے۔انہوں نے جدید ٹکنالوجی ۔قدرتی کاشت کاری کے طریقوں۔ پروسیسنگ۔اور اہمیت پر مشتمل پیداوار اور ہلدی کی کاشت میں مضبوط مارکٹنگ کے روابط کے ساتھ کسانوں کی آمدنی میں اضافے کی اپیل کی۔انہوں نے ضلع نظام آباد میں قومی ہلدی بورڈ کے مرکزی دفتر میں ہلدی کے کسانوں کے ساتھ دو بہ دو بات چیت کی۔اس موقع پر گورنر نے کسانوں کی موجودگی میں ''سنہری مٹی ابھیان۔ مارکٹنگ سے مربوط پروگرام کا افتتاح کیا۔

DESK

GOVERNOR

گورنر شیو پرتاپ شکلا نے اپیل کی کہ نشہ مکت سماج کی تعمیر میں نوجوانوں کی شراکت داری انتہائی اہم ہے۔انہوں نے منگل کے دن نظام آباد کے بھوما ریڈی کنونیشن سنٹر میں منعقدہ ''مخالف منشیات۔شعور بیداری پروگرام میں بہ حیثیت مہمان خصوصی شرکت کی۔اس موقع پر انہوں نے ایگل ٹیم کے ذریعہ منشیات پر قابو پانے کے لئے تلنگانہ پولیس کی جانب سے کئے جارہے اقدامات کی ستائش کی۔گورنر نے رکن پارلیمنٹ دھرما پوری اروند کے ہمراہ ایک لاکھ افراد کے دستخط پر مشتمل فلیکسی کی رونمائی انجام دی اور طلبا سے عہد لیا۔اس تقریب میں عوامی نمائندے اور عہدیدار موجود تھے۔

PTC-NZB

REPORT

تلنگانہ پردیش کانگریس کمیٹی کے صدرمہیش کمار گوڑ کوتادیبی کمیٹی نے اپنی رپورٹ پیش کردی ہے۔ ریاستی وزیر کونڈا اسریکھا۔منصوبہ بندی کمیشن کے نائب صدر چنا ریڈی۔ کے خلاف تحقیقات کے بعد کمیٹی کے چیرمین ملوروی۔وائس چیرمین شام موہن نے حیدرآباد میں رپورٹ پیش کی۔

DESK

ASSEMBLY

تلنگانہ قانون ساز اسمبلی کے اجلاس کا 7۔ستمبر سے آغاز ہوگا۔ چیف منسٹر ریونت ریڈی نے کل سکریٹریٹ میں دستیاب وزراء۔ارکان اسمبلی۔ارکان پارلیمنٹ۔اورارکان قانون سازکونسل کے ساتھ منعقدہ اجلاس میں یہ بات کہی۔ چیف منسٹر نے حلقوں کی ترقی سے متعلق پروگرام اس پرتبادلہ خیال کے بعدارکان اسمبلی کواپنے علاقوں میں آبپاشی پراجکٹس سے متعلق حصول اراضی کا عمل جلد سے جلد مکمل کرنے کی ہدایت دی۔انہوں نے انتباہ دیتے ہوئے کہا کہ حصول اراضی کا عمل مکمل نہ ہونے پر پراجکٹس کبھی مکمل نہیں ہوں گے۔اس اجلاس میں ڈپٹی چیف منسٹر بھٹی وکرمارکا کےعلاوہ دیگروزراء،وہپ اورارکان اسمبلی شریک تھے۔

DESK

BHATTI

ڈپٹی چیف منسٹر بھٹی وکرمارکا نے کہاہے کہ سنگارینی کا تحفظ اوراسے منافع کی راہ پر گامزن کرنا ہی ان کی حکومت کا مقصد ہے۔انہوں نے مزید کہا کہ کوئلہ پرانحصار کئے بغیرلیتھیم ۔سونے جیسے اہم کانکنی کے ذخائر پرتوجہ مرکوز کی جائے گی۔ نئے کوئلے کے بلاکس کے حصول کے لئے جستجو کرنے والے ڈپٹی چیف منسٹرکوسکریٹریٹ میں سنگارینی یونین کے قائدین نے کل تہنیت پیش کی۔اس موقع پر اتم کماریڈی نے کہا کہ ادارے کی توسیع کوحکومت ہرطرح سےتعاون فراہم کررہی ہے۔

DESK

CEP SURDARSHAN REDDY

چیف الکٹورول آفیسرسدرشن ریڈی نے گرام ، وارڈ سبھاوں کے انعقاداورفہرست رائے دہندگان میں ترمیم سے متعلق تمام اضلاع کے عہدیداروں کے ساتھ کل ویڈیو کانفرنس منعقدکی۔انہوں نے کہا کہ سبھاوں میں اے ایس ڈی ووٹرس کی تفصیلات پڑھ کر سنائی جائیں۔اور ہراہل رائے دہندے کے ووٹر کےطور پراندراج سے متعلق شعور بیداری پیدا کی جائے۔انہوں نے خامیوں سے متعلق ووٹرس کونوٹس جاری کرنے کے عمل میں تیزی پیدا کرنے اور ہفتے میں ایک مرتبہ سیاسی جماعتوں کے ساتھ اجلاس منعقدکرتے ہوئے شفافیت کو برقراررکھنے کاعہدیداروں کومشورہ دیا۔

DESK

WEATHER

حیدرآباد کے محکمہ موسمیات نے کہا ہے کہ ریاست میں اگلے سات دنوں کے دوران اوسط تا موسلا دھار بارش کا امکان ہے۔آج حیدرآباد۔ رنگاریڈی۔میڑچل۔عادل آباد۔نظام آباد۔کھمم۔بھدرادری کتہ گوڑم۔سمت تقریب 24 اضلاع میں بارش کے پیش نظر ایلو الرٹ جار کیا گیا ہے۔حیدرآباد میں آج شام بارش کا امکان ظاہر کیا گیا ہے۔

DESK

HIGHCOURT

تلنگانہ ہائی کورٹ کو 27 اگست کو خصوصی تعطیل دیتے ہوئے رجسٹرار جنرل نے نوٹیفکیشن جاری کیا ہے۔اس مہینے کی 27 تاریخ یعنی جمعرات کو ہائی کورٹ کے ساتھ ساتھ سکندرآباد میں واقع تلنگانہ جوڈیشل اکیڈیمی۔تلنگانہ اسٹیٹ لیگل سرویس اتھاریٹی، ہائی کورٹ لیگل سرویس کمیٹی، ہائی کورٹ آربیٹریشن اینڈ میڈیشن سنٹر کو خصوصی تعطیل ہوگی۔بتایا گیا ہے کہ اس تعطیل کے بجائے 19 ڈسمبر ہفتے کو ہائی کورٹ میں کام کا دن ہوگا۔

DESK

HIGH LEVEL COMMITTEE

حکومت نے اسکیل یونیورسٹیز میں پالی ٹیکنک کالجس کے انضمام کے مسئلہ پر کے کیشو رراو کی قیادت میں اعلی سطحی کمیٹی تشکیل دی ہے۔اس کمیٹی میں ارکان کی حیثیت سے کودنڈ ارام۔شانتا سنہا۔نوین متل۔شامل ہیں جبکہ محکمہ شکتی کے سکریٹری کو شامل کیا گیا ہے۔حکومت نے کمیٹی کو ہدایت دی ہے کہ پالی ٹیکنک کے طلبا اور ملازمین کے احتجاج پر رپورٹ پیش کی جائے اور تمام سے بات چیت کے بعد 30 دن کے اندر رپورٹ پیش کرنے کا کمیٹی کو مشورہ دیا گیا ہے۔

DESK

DRUGS FREE

ضلع رنگاریڈی مہیشورم میں مرکزی وزارت اطلاعات ونشریات محکمہ کے پریس انفارمیشن بیورو، حیدرآباد کے زیر اہتمام نشہ مکت بھارت ابھیان کے حصے کے طور پر وارتا میڈیا ورک شاپ آج منعقد کیا گیا۔اس پروگرام میں مہیشورم زون ڈی سی، کے نارائن ریڈی نے مہمان خصوصی کی حیثیت سے شرکت کی۔انہوں نے اپنے خطاب میں جرائم سے پاک معاشرے کی تشکیل کے لئے میڈیا کے نمائندوں کو اپنے طور پر جدوجہد کرنے کا مشورہ دیا۔انہوں نے مزید کہا کہ پرنٹ۔الکٹرانک میڈیا کے ساتھ سوشیل میڈیا کے ذریعہ اطلاعات کی تیزی کے ساتھ ترسیل کے تناظر میں کسی بھی خبر یا پیغام پر یقین کرنے سے پہلے اس کی حقیقت جان لینی چاہیے۔انہوں نے مشورہ دیا کہ غلط خبروں اور افواہوں کو پھیلانے سے روکنے کے لئے عوام کو چوکس رہنا چاہیے۔

PTC-YDD -BHUNGIR

HARISH RAO

سابق ریاستی وزیر ہریش راو نے کہا کہ کالیشورم پراجکٹ سے متعلق این ڈی ایس اے کا حلف نامہ اور سی ڈبلیو پی ار ایس ۔ کی رپورٹ کانگریس کے لئے دھکہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ انارم۔ سندیڑلہ۔ کنکریٹ کا معیار بہتر ہے۔ پانی کی منتقلی کے ذریعہ کوئی نقصان نہیں ہوگا۔ لیکن حکومت کی لاپرواہی کی وجہ سے یہ پانی آندھراپردیش کو چھوڑ کر تلنگانہ کے کسانوں کو نقصان پہونچایا جارہا ہے۔ ہریش راو نے مطالبہ کیا کہ حکومت سیاسی مخاصمت کو بالائے طاق رکھتے ہوئے فوری موٹرس آن کر کے گوداوری پانی کو منتقل کرے۔

DESK

VOTER

فہرست رائے دہندگان پر جامع نظر ثانی کے عمل کے دوران نوٹس وصول کرنے والے رائے دہندوں کی سماعت کا عمل اس مہینے کی 27 تاریخ سے 20 ستمبر تک ہوگا۔ نوٹس پرنٹنگ 31۔ اگست تک مکمل ہوگی۔ کسی بھی اہل ووٹر کا نام حذف کئے بغیر گرام، وارڈ سبھا کے ذریعہ عہدیداروں کی جانب سے انتظامات کئے جارہے ہیں۔ سماعت سے 48 گھنٹے قبل بی ایل اوز کو سلپس تقسیم کر کے مکمل تفصیلات رائے دہندوں کو بتانا ہوگا۔ سی ای او کے دفتر کے مطابق ووٹرس اپنے اسناد۔ ووٹر پورٹل۔ بی ایل او ایپ۔ یا سماعت کے وقت راست طور پر جمع کرواسکتے ہیں۔

DESK

IPS

مرکزی وزارت داخلہ نے تلنگانہ محکمہ پولیس کے سات نان کیڈر ایس پیز کو آئی پی ایس کا عہدہ فراہم کرتے ہوئے احکامات جاری کئے ہیں۔ یہ عہدہ حاصل کرنے والوں میں پی رویندر۔ بی شری بالا دیوی۔ جی اروند۔ بابوراجامہیندر نائک۔ سائی شری۔ پوجا۔ اور کرونا کر۔ شامل ہیں۔ ریاستی حکومت کی جانب سے روانہ کردہ تجویز پر غور وخوص کے بعد ان عہدیداروں کی کارکردگی کا جائزہ لیتے ہوئے مرکز نے یہ فیصلہ کیا ہے۔ آئی پی ایس کا درجہ حاصل کرنے والے عہدیداروں کو جلد ہی نئی پوسٹنگس دی جائیں گی۔

DESK

NPS ADALAT

نیشنل پنشن سسٹم کے استفادہ کنندگان کی شکایات کی یکسوئی کے لئے دو ستمبر۔ 2026۔ کو این پی ایس عدالت کا اہتمام کیا جائے گا۔ یہ بات محکمہ ڈاک کے تلنگانہ سرکل کے جنرل منیجر کے دفتر کی جانب سے جاری کردہ بیان میں بتائی گئی ہے۔ متاثرین کو اپنی شکایات اور مکمل تفصیلات 26 اگست 2026 سے پہلے داخل کرنی ہوں گی۔

DESK